جانوروں کی
زکوٰۃ
کس طرح ادا کی جائے؟

جانوروں کی زکوٰۃ کس طرح ادا کی جائے؟

جانوروں کی زکوٰۃ کب فرض ہوگی؟ ہر قسم کے جانور کی زکوٰۃ نہیں، اس میں **تفصیل** یہ ہے کہ ☆ جو جانور تجارت کی غرض سے خریدے گئے ہیں، وہ مالِ تجارت ہیں اور ان کی زکوٰۃ ان کی قیمت کے حساب سے دی جائے گی۔ ☆ جو جانور سائمہ ہوں یعنی سال کا اکثر حصہ جنگل میں چَر کر گزارہ کرتے ہوں اور چَرانے سے مقصود صرف دودھ اور بچے لینا اور فربہ کرنا ہے، یہ سَائِمَہ کہلاتے ہیں ان کی زکوٰۃ دینا ہوگی۔ ☆ جو جانور اگرچہ جنگل میں چَرتے ہوں لیکن اس سے مقصود بوجھ لادنا یا ہل وغیرہ کے کام میں لانا یا سواری میں استعمال کرنا یا ان کا گوشت کھانا ہو تو یہ جانور سَائِمَہ نہیں ہیں، ان کی زکوٰۃ دینا واجب نہیں ہے۔ ☆ جن جانوروں کو گھر پر چارہ کھلاتے ہوں ان کی بھی زکوٰۃ واجب نہیں ہے۔ (الدر المختار و رد المحتار، 232/3–234، ملخصاً)

کتنی قسم کے جانوروں میں زکوٰۃ واجب ہے؟

☆ تین قسم کے جانوروں میں زکوٰۃ واجب ہے جب کہ سائمہ ہوں: (1) اونٹ (2) گائے (3) بکری

اُونٹ کی زکوٰۃ

☆ کم از کم 5 اونٹوں پر نصاب پورا ہوتا ہے، پانچ سے کم اونٹوں میں زکوٰۃ واجب نہیں ہے۔ ☆ 5 سے 25 تک کی زکوٰۃ اس طرح دیں گے کہ ہر 5 کے بدلے ایک سالہ بکری یا بکرا دیں گے۔ ایک نصاب سے دوسرے نصاب کی درمیانی تعداد شامل زکوٰۃ نہیں ہوگی مثلاً پانچ کے بعد اگر ایک، دو، تین یا چار اونٹ زائد ہوں اُن کی زکوٰۃ نہیں دی جائے گی بلکہ دس اونٹ پورے ہونے پر دی جائے گی۔ اس کی اور مزید تفصیل اس طرح ہوگی:

اونٹوں کی تعداد	زکوٰۃ دی جائے گی	اونٹوں کی تعداد	زکوٰۃ دی جائے گی
5 سے 9 تک	ایک بکری	10 سے 14 تک	دو بکریاں
15 سے 19 تک	تین بکریاں	20 سے 24 تک	چار بکریاں
25 سے 35 تک	اونٹ کا ایک سال کا مادہ بچہ	36 سے 45 تک	اونٹ کا دو سال کا مادہ بچہ
46 سے 60 تک	تین سال کی اونٹنی	61 سے 75 تک	چار سال کی اونٹنی
76 سے 90 تک	دو، دو سال کی دو اونٹنیاں	91 سے 120 تک	تین، تین سال کی دو اونٹنیاں

☆ 121 سے 145 تک 2 مادہ اونٹنیاں جو تین سال کی ہو کر چوتھے برس میں ہوں اور ہر پانچ پر ایک سالہ بکری یا بکرا دیا جائے۔ مثلاً 125 پر 2 اونٹنیوں کے ساتھ ایک بکری، 130 پر 2 اونٹنیوں کے ساتھ دو بکریاں، 135 پر 2 اونٹنیوں کے ساتھ تین بکریاں، 140 میں 2 اونٹنیوں کے ساتھ چار بکریاں۔ ☆ 145 میں 2 مادہ اونٹنیاں جو تین سال کی ہو کر چوتھے برس میں ہوں اور ایک اونٹ کا بچہ جو ایک سال کا ہو کر دوسرے برس میں ہو، دیا جائے گا۔ ☆ 150 اونٹوں پر 3 مادہ اونٹنیاں جو تین سال کی ہو کر چوتھے برس میں ہوں، دی جائیں گی۔ ☆ 150 سے 170 تک 3 مادہ اونٹنیاں جو تین سال کی ہو کر چوتھے برس میں ہوں، دی جائیں گی اور ہر پانچ پر ایک سالہ بکری یا بکرا دیا جائے۔ مثلاً 155 پر 3 اونٹنیوں کے ساتھ ایک بکری، 160 پر 3 اونٹنیوں کے ساتھ دو بکریاں، علی ھذا القیاس (اسی پر قیاس کریں)۔ ☆ 175 سے 185 تک 3 مادہ اونٹنیاں جو تین سال کی ہو کر چوتھے برس میں ہوں، دی جائیں گی اور ایک سالہ اونٹنی جو دوسرے سال میں ہو، دی جائے گی۔ ☆ 186 سے 195 تک 3 مادہ اونٹنیاں جو تین سال کی ہو کر چوتھے برس میں ہوں، دی جائیں گی اور ایک اونٹنی جو دو سال کی ہو کر تیسرے سال میں ہو، دی جائے گی۔ ☆ 196 سے 200 تک 4 مادہ اونٹنیاں جو تین سال کی ہو کر چوتھے برس میں ہوں، دی جائیں گی۔ اگر چاہیں تو 5 مادہ اونٹنیاں جو دو سال کی ہو کر تیسرے برس

میں ہوں، دے سکتے ہیں۔☆ 200سے 250تک کا حساب اسی طرح سے کیا جائے گا جس طرح 150سے 200تک کیا گیا ہے۔ (الفتاوی الھندیۃ، 177/1، الدرالمختار و ردالمحتار، 237/3-239، ملخصاً)

گائے کی زکوٰۃ

☆ کم از کم 30گایوں یا بھینسوں پر نصاب پورا ہوتا ہے، تیس سے کم میں زکوٰۃ واجب نہیں ہے۔ مزید تفصیل اس طرح ہوگی:

گائے یا بھینس کی تعداد	زکوٰۃ دی جائے گی
30ہوں تو	ایک سال کا بچھڑا یا بچھیا
40ہوں تو	پورے دو سال کا بچھڑا یا بچھیا
60ہوں تو	ایک ایک سال کے دو بچھڑے یا بچھیاں

پھر ہر تیس میں ایک سال کا بچھڑا یا بچھیا اور ہر چالیس میں ایک دو سال کا، مثلاً 70میں ایک سالہ اور ایک دو سالہ اور 80میں دو سال کے دو بچھڑے یا بچھیاں۔ (الدرالمختار و ردالمحتار، 241/3، 242، ملخصاً)

بکری کی زکوٰۃ

☆ کم از کم 40 بکریوں، بکروں، بھیڑوں یا دُنبوں پر نصاب پورا ہوتا ہے، چالیس سے کم میں زکوٰۃ واجب نہیں ہے۔ مزید تفصیل اس طرح ہوگی:

بکریوں کی تعداد	زکوٰۃ دی جائے گی
40سے 120تک	ایک بکری
121سے 200تک	دو بکریاں
201سے 399تک	تین بکریاں
400پورے ہونے پر	چار بکریاں
500یا اس سے زیادہ ہوں تو	ہر سو پر ایک بکری

☆ اس کے بعد ہر سو پر ایک بکری یا بکرے کا اضافہ کرتے چلے جائیں گے۔ (الفتاوی الھندیۃ، 178/1)

مزید مسائل: ☆ زکوٰۃ میں متوسط درجے کا جانور لیا جائے گا، ہاں اگر سارے ہی جانور اچھے ہوں تو ان میں سے ہی لے لیں۔ (الدرالمختار، 251/3) ☆ زکوٰۃ میں جانوروں کی جگہ ان کی قیمت بھی دی جا سکتی ہے۔ (الدرالمختار، 250/3) ☆ ایک سال کی عمر کے جانوروں کی زکوٰۃ واجب ہے مثلاً اگر 39 بکریاں سال سے کم عمر کی ہیں اور ایک سال بھر کی ہو چکی تو اب تمام کو شاملِ حساب کیا جائے گا اور اگر کوئی بھی سال بھر کی نہیں تو نہیں کیا جائے گا۔ (الجوھرۃ النیرۃ، ص154، ملخصاً)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عاشقانِ رسول کی مدنی تحریک دعوتِ اسلامی دُنیا بھر میں 108سے زائد شعبہ جات میں دینِ اسلام کی خدمت کے لئے کوشاں ہے۔
دینِ اسلام کی خدمت میں آپ بھی دعوتِ اسلامی کا ساتھ دیجئے اور اپنی زکوٰۃ، صدقاتِ واجبہ و نافلہ اور دیگر چندہ و فنڈز کے ذریعے مالی تعاون کیجئے! بینک کا نام:MCB، اکاؤنٹ ٹائٹل: دعوتِ اسلامی، بینک برانچ: کلاتھ مارکیٹ برانچ، کراچی پاکستان، برانچ کوڈ:0063
اکاؤنٹ نمبر: (صدقاتِ نافلہ)0388841531000263 (صدقاتِ واجبہ اور زکوٰۃ)0388514411000260